© rasailojaraid.com



(ادارہ)

# مسافرانِ آخرت

☆پروفیسر عبدالواحد ملک مرحوم:

ہمارے دیرینہ کرم فرما اور گورنمنٹ ولایت حسین کالج ملتان کے سابق پروفیسر جناب عبدالواحد ملک 17 مارچ کو انتقال کر گئے۔ وہ چند روز پہلے بیمار ہوئے۔ بیماری میں بھی وہ بڑے خوش اخلاق اور بذلہ سنج رہے۔ کون جانتا تھا کہ یہ بیماری جان لیوا ثابت ہوگی۔ مرحوم انتہائی صالح اور متقی انسان تھے۔ وہ عربی زبان کے ماہر استاذ تھے۔ کچھ عرصہ جامعہ بستانِ عائشہ دارِ بنی ہاشم ملتان میں بھی عربی زبان کی تدریس کے فرائض بطریق احسن سرانجام دیتے رہے۔ آج کل جامع العلوم میں تدریس کر رہے تھے۔ اُن کی ذات سے کبھی کسی کو تکلیف نہیں پہنچی۔ قحط الرجال کے اس دور میں وہ کسی نعمت سے کم نہیں تھے۔ اُن کی نمازِ جنازہ مرکز احرار دارِ بنی ہاشم ملتان میں مولانا حافظ ناصر الدین خان خاکوانی مدظلہ نے پڑھائی۔ جنازے کے موقع پر ہر چہرہ افسردہ اور ہر آنکھ غمناک تھی۔ اللہ تعالیٰ اُن کے درجات بلند اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ (آمین)

☆ ماہنامہ ''قانون مفرد اعضاء'' کے چیف ایڈیٹر حکیم محمد یٰسین دنیا پوری گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔ مرحوم کا شمار ملک کے نامور حکماء میں ہوتا تھا۔ وہ حکیم انقلاب ڈاکٹر صابر ملتانیؒ کے شاگردوں میں سے تھے۔

مظہر الدین صدیق مرحوم (ماموں، سسر جناب شفیع الرحمٰن احرار۔ کراچی) ☆مولانا محمد قاسم مرحوم (ہڈالی۔ ضلع خوشاب)

☆ چودھری محمد عاشق مرحوم (لاہور): مجلس احرار اسلام کے قدیم کارکن، انتہائی مخلص اور وضع دار انسان تھے۔ 6 فروری کو انتقال کر گئے۔

☆ محمد ممتاز صاحب (بلال میڈیکل سٹور) کی والدہ اور محمد اشفاق صاحب (پرنس میڈیکل سٹور ملتان) کی پھوپھی مرحومہ

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبرِ جمیل عطاء فرمائے (آمین)

قارئین سے دعائے مغفرت کی درخواست ہے۔ (ادارہ)

## دعائے صحت

☆ مجلس احرار اسلام بستی مولویاں (ضلع رحیم یار خان) کے مخلص کارکن جناب صوفی محمد اسحٰق کے فرزند محمد عمران کو اچانک فالج کا حملہ ہوا ہے اور وہ ہسپتال میں زیر علاج ہیں۔

قارئین سے دعائے صحت کی درخواست ہے۔ (ادارہ)

© rasailojaraid.com